SHINE LAWYERS
RIGHT WRONG.

رازدارانہ اور قانونی اجازت کا پابند

# BSA لمیٹڈ کلاس ایکشن پر اپ ڈیٹ: اکتوبر 2020

ہم BSA کلاس ایکشن میں حالیہ تبدیلیوں کے حوالے سے اپ ڈیٹ فراہم کرنے کے لیے آپ کو تحریر کر رہے ہیں۔

**مقدمے کے انتظام کی پہلی سماعت**

گزشتہ ماہ، Shine Lawyers اور BSA ('فریقین') BSA کلاس ایکشن کے لیے مقدمے کے انتظام کی پہلی سماعت میں حاضر ہوئیں۔ سماعت کا مقصد یہ تھا کہ طریق کار پر مبنی ایسے متعدد اقدامات کی فراہمی کے لیے اوقات کار مرتب کیے جائیں جو فریقین اٹھا سکیں۔ سماعت کے دوران، عدالت نے BSA کو حکم دیا کہ دعوے کے بیان پر دفاع کی درخواست دائر کرے اور Shine فی الفور ہی اس کا جواب دائر کرے۔

مقدمے کے انتظام کی اگلی سماعت 20 نومبر 2020 کو طے پائی ہے۔ ہم اس سماعت کے بعد آپ کو مزید اپ ڈیٹس فراہم کرنے کے لیے مناسب وقت پر آپ سے رابطہ کریں گے۔

**فنڈنگ اور لاگت کے معاہدوں پر اتفاق کرنا**

ہم آپ کو اس مقدمے میں قانونی چارہ جوئی کی فنڈنگ کے معاہدے اور لاگتوں کے معاہدے کا جائزہ لینے، غور کرنے اور ان پر متفق ہونے کے لیے مدعو کرنے کی غرض سے تحریر کر رہے ہیں۔ آپ مندرجہ ذیل منفرد لنک کے ذریعے الیکٹرانک طور پر فنڈنگ کے معاہدے اور لاگتوں کے معاہدے کو مؤثر بنا سکتے ہیں۔

**قانونی چارہ جوئی کی فنڈنگ کا معاہدہ کیا ہے؟**

مختصراً، قانونی چارہ جوئی کی فنڈنگ کا معاہدہ آپ اور لیٹیگیشن لینڈنگ سروسز لمیٹڈ (Litigation Lending Services Limited) ('LLS') کے مابین ایک معاہدہ ہوتا ہے جس کے تحت مندرجہ ذیل شرائط پر BSA کے خلاف آپ کے دعوے کو فنڈ کیا جاتا ہے:

- LLS تمام اخراجات، Shine کی پیشہ ورانہ فیس کا 80% برداشت کرے گی، اور حکم کے مطابق مخالف فریق کو واجب الادا ایسی تمام لاگتوں کی ادائیگی کرے گی جن کی ادائیگی کا حکم عدالت مرکزی درخواست گزار کو دے گی۔ Shine اپنی فیس کا 20% حصہ معاملے کے اختتام پر اٹھا رکھے گی۔
- LLS اور Shine، منافعے کے علاوہ، کسی بھی قسم کی قانونی لاگتوں اور اخراجات کے سلسلے میں آپ سے کوئی ادائیگی وصول نہیں کریں گی۔
- اگر یہ دعویٰ ناکام رہتا ہے، تو آپ کو LLS یا Shine کو کسی بھی قسم کی قانونی لاگتوں کی ادائیگی کی ضرورت نہیں ہے۔
- اس کی بجائے LLS کسی بھی قسم کے منافع جات کا 25-30% حصہ لے گی، جوکہ عدالت کی منظوری سے مشروط ہے۔

قانونی چارہ جوئی کی فنڈنگ کے معاہدے سے اتفاق کرتے ہوئے آپ:

- اس امر کو یقینی بناتے ہوئے BSA کے خلاف کیے جانے والے مقدمے میں پیشرفت جاری رکھنے میں مرکزی درخواست دہندگان، پال بریڈ شاہ(Paul Bradshaw) اور اسکاٹ یورین(Scott Uren) کی معاونت کریں گے کہ گروپ کے اراکین کی ایک مناسب تعداد LLS کی فنڈنگ سے متفق ہو؛
- اس بات کی یقین دہانی کریں گے کہ مقدمے کا کامیاب نتیجہ نکلنے پر LLS کو ادائیگی کے لیے، عدالتی فیصلے کے مطابق یا متفقہ رقم سے اس سے زیادہ رقم کی کٹوتی نہیں کی جائے گی جو قانونی چارہ جوئی کی فنڈنگ کے معاہدے میں بیان کی گئی ہے؛ اور
- اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ناکامی کی صورت میں، LLS آپ کے انفرادی دعوے پر مقدمہ چلانے کے اخراجات ادا کرے گی، جن میں وہ لاگتیں بھی شامل ہیں جو عدالتی حکم کے تحت واجب الادا ہیں۔

**مشروط لاگتوں کا معاہدہ کیا ہے؟**

مشروط لاگتوں کا معاہدہ آپ اور Shine Lawyers کے مابین ہونے والا معاہدہ ہوتا ہے۔ آپ Shine Lawyers کے مؤکل بن جائیں گے اور آپ کو سالیسیٹر-مؤکل کے مابین ہونے والے تعلق کا فائدہ حاصل ہو گا جس میں شامل ہے:

- کلاس ایکشن میں اپنے حقوق کے حوالے سے سالیسیٹر کی جانب سے مشورہ؛
- مقدمے پر پیشرفت کے حوالے سے باقاعدہ اپ ڈیٹس؛ اور
- BSA کے خلاف آپ کے انفرادی دعوے پر مقدمہ چلانے کے لیے مشورہ اور معاونت، لیکن صرف اس صورت میں جب یا تو مفاہمت یا مقدمے کے ذریعے، کامیابی کے ساتھ درخواست دہندگان کے دعووں کا حل نکال لیا جائے۔

نہ تو LLS اور نہ ہی BSA، Shine سے حاصل ہونے والے منافعے کے علاوہ، کسی بھی قسم کی قانونی لاگتوں اور اخراجات کے سلسلے میں آپ سے کوئی ادائیگی وصول نہیں کریں گی۔ اگر آپ کا دعویٰ ناکام رہتا ہے، تو آپ کو LLS یا Shine Lawyers کو کسی بھی قسم کی قانونی لاگتوں کی ادائیگی کی ضرورت نہیں۔

Shine Lawyers کو برقرار رکھنے کے لیے، اور اپنے دعوے پر کارروائی کے لیے درکار فنڈنگ حاصل کرنے لیے، آپ ہماری جانب سے بھیجی جانے والی حالیہ ترین ای میل میں فراہم کردہ لنک کے ذریعے الیکٹرانک طور پر فنڈنگ کے معاہدے اور لاگتوں کے معاہدے کو مؤثر بنا سکتے ہیں (براہ کرم غور فرمائیں کہ یہ بٹن آپ کو ایک منفرد لنک پر لے جائے گا جس کا اشتراک دیگر افراد کے ساتھ نہیں کیا جانا چاہیئے)۔

ایک ہارڈ کاپی فارم کے ذریعے قانونی چارہ جوئی کی فنڈنگ کے معاہدے اور Shine Lawyers کی لاگتوں کے معاہدے پر اتفاق کرنے کے لیے، براہ کرم یہاں سے فارم ڈاؤن لوڈ کریں، پھر اس فارم کا پرنٹ نکالیں اور اس ای میل کے اختتام پر دیے گئے ڈاک پتے پر ارسال کر دیں۔

ہم آپ کو یہ یقین دلانا چاہیں گے کہ اس کلاس ایکشن میں آپ کی شرکت کو راز میں رکھا جائے گا، اور آپ کی پیشگی منظوری کے تحت ہی اس کا انکشاف کیا جائے گا۔

**شکریہ**

ہم ایک بار پھر سے Shine Lawyers کے ساتھ اندراج پر آپ کے شکرگزار ہیں۔ آپ کی نمائندگی کرنا، اور آپ کے حقوق کے حصول میں آپ کی مدد کرنا ہمارے لیے باعث اعزاز و شرف ہے۔

ہم اس مقدمے کے امکانات پر پختہ یقین رکھتے ہیں اور انصاف کی فراہمی سمیت، اس امر کو یقینی بنانے کے لئے انتھک جدوجہد کریں گے کہ آپ کو وہ فوائد حاصل ہوں جن کے آپ حقدار ہیں۔ ہم آپ کو ترغیب دیتے ہیں کہ آپ اپنے ساتھی ٹکنیشنز کو اس کلاس ایکشن اور اندراج کے عمل سے آگاہ کریں تاکہ مقدمے میں زیادہ سے زیادہ معاونت حاصل ہو سکے۔

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو براہ کرم درج ذیل تفصیلات کے ذریعے ہم سے رابطہ کریں۔ ہم اس عمل کے دوران آپ کے صبر پر شکرگزار ہیں۔



ہادی بوستانی(**Hadi Boustani**)
سینئر ایسوسی ایٹ



وکی اینٹزولاٹوز(**Vicky Antzoulatos**)
پریکٹس لیڈر



جین سیڈلر(**Jan Saddler**)
سربراہ برائے کلاس ایکشنز


**ہم سے رابطہ کریں**

ای میل: BSAClassAction@shine.com.au
فون: **1800 325 172**

ڈاک پتہ
**Shine Lawyers**
**PO Box 12011**
**George Street QLD 4003**